کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر | مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۰ ربیع الثانی سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۷ مئی سنہ ۱۹۴۱ء | جلد ۵۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون علیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری توسیع ملازمت صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات	۲	۴	عطائے اختیار کارروائی حصول اقرار صالح بجائے عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	۴
۲	″ ″ ″ عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۲ و ۳	۵	منظوری نامزدگی مسٹر محمود الزماں خاں بہادر ممبر مجلس مقننہ بحیثیت ممبر غیر سرکاری بورڈ تعلیمی۔	۵
۳	منظوری تجویز عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر نسبت اشاعت اعلان بہ اسٹیٹ گزٹ	۳ و ۴			

آرڈرز آن کونسل امپورٹیٹ

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری عائد کئے جانے محصول انڈا و مرغی وغیرہ [illegible]	۶	۵	منظوری توسیع ملازمت سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون	۷
۲	″ ″ ″ محصول چنگی بر شیرہ و راب	۶	۶	″ اشاعت "مسودہ ترمیم قانون میعاد سماعت ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء" برائے حصول رائے عامہ	۷ و ۸
۳	منظوری اضافہ گریڈ بہ تنخواہ منشی مسعود علی خاں صاحب تحصیلدار	۷	۷	منظوری تقرر غیر مستقل بجائے ایکبال بابو انند کنوار صاحب مجسٹریٹ	۸
۴	″ الاؤنس برائے ایکسائز کلرک	۷			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم
واقع ۱۵ مئی سنہ ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات کی خدمات میں مزید دو سال کی توسیع منظور ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ چودھری اکبر علی صاحب بہادر کا تقرر بحیثیت سکریٹری تعلیمات و پرنسپل رضا انٹر کالج بحکم اجلاس ہمایوں معنونہ ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۳۹ء ایک سال کے لئے ہوا تھا۔ اس کے بعد ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۴۰ء سے ایک سال کی توسیع منظور ہوئی جس کی مدت ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء کو ختم ہو جائے گی۔ چونکہ ان کا کام اس عرصہ میں نہایت قابل اطمینان رہا ہے۔ اور چند تعلیمی اسکیمیں ایسی ہیں جن کا انصرام دو سال سے کم مدت میں نہیں ہو سکتا۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کی خدمات میں بہ تنخواہ والاؤنس موجودہ مزید دو سال کی توسیع فرمائی جائے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری توسیع خدمات برائے دو سال حسب معروضہ بالا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی ترقی خواہ۔ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۵ مئی سنہ ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۱۶ مئی سنہ ۱۹۴۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم
واقع ۱۵ مئی سنہ ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ توسیع منظور ہے۔ کاغذ واپس ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت مسٹر اے۔ جی۔ ایونس صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس و آبکاری کی موجودہ مدت ڈیپوٹیشن

ماہ اپریل ۱۹۴۱ء میں ختم ہوتی ہے یوپی گورنمنٹ سے ذریعہ صاحب ریزیڈنٹ بہادر مدت ملازمت میں چند ماہ کی توسیع کے متعلق تحریک کی گئی تھی۔ یو۔ پی گورنمنٹ نے چھ ماہ کی توسیع منظور کرلی ہے۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ صاحب موصوف کی مدت ملازمت میں چھ ماہ کی توسیع من ابتدائے مئی لغایت اکتوبر ۱۹۴۱ء بشرائط موجودہ پیشگاہ ہمایوں سے منظور فرمائی جائے۔ عرضداشت ہذا بغرض صدور حکم ضورانور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوداں باد

عرضے

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
۱۳ مئی ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور بعد اجرائے احکام اصل کاغذ برائے شمول مثل دارالانشاء کو واپس ارسال کیا جائے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

۱۴ مئی ۱۹۴۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۱۵ مئی ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ اعلان کی منظوری دی جاتی ہے۔ برائے کاروائی اشاعت گزٹ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میرساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۵ مئی ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت جناب ہوم منسٹر بہادر و چیف مجسٹریٹ کی تجویز بدیں صراحت پیش ہوئی کہ تحت قاعدہ ۱۲۹ (۲) قانون تحفظ ہند ۱۹۳۹ء ایک ایسے حکم عام کے صدور کی ضرورت ہے جس میں مقام حوالات۔ اور شرائط محبوسی کا تعین کر دیا گیا ہو۔ لہذا تجویز ہے کہ مندرجہ ذیل اعلان منجانب گورنمنٹ رامپور سرکاری گزٹ میں شائع کیا جائے۔

اعلان

بتحت قاعدہ ۱۲۹ (۲) گورنمنٹ رامپور حکم دیتی ہے کہ وہ اشخاص جو زیر قاعدہ (۱۲۹) گرفتار کئے جائیں بالعموم تا حصول حکم گورنمنٹ، جیل میں حوالات میں رہیں گے۔ اور یہ مدت پندرہ روز سے تجاوز نہ ہوگی۔ اور اگر پولیس افسر گرفتار کنندہ معقول وجوہ کی بنا پر عالی مرتبت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر کا حکم ایسے شخص کو اشد ضرورت کی صورت میں حوالات پولیس میں رکھے جانے کا حاصل کرلے تو ایسا شخص تھانہ گنج کی حوالات میں رکھا جائیگا۔

گر کسی صورت میں یہ مدت پندرہ روز سے متجاوز نہ ہوگی۔ مندرجہ بالا حکم کسی ایسے خاص حکم کے مناقض نہ ہوگا جو زیر قواعد تحفظ ہند کسی خاص شخص یا کسی خاص معاملہ میں دیا جائے۔"

اسٹیٹ کونسل نے جلسہ مذکور میں اعلان مندرجہ بالا کی منظوری و اشاعت گزٹ سرکاری سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۵ر مئی سنہ ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے بعد اجرائے احکام ایک نقل برائے اشاعت گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات محافظ خانہ فوجداری میں رکھے جائیں۔

۱۷ر مئی سنہ ۱۹۴۱ء دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم۔ (صدری) واقع ۱۸ر مئی سنہ ۱۹۴۱ء

بصراحت رپورٹ۔ تجویز منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

تحت دستور اساسی مجلس منتظمہ ریاست رامپور بابت سنہ ۱۹۴۰ء صدر مجلس منتظمہ کے اقرار صالح لینے کا اختیار عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کو عطا فرمایا گیا ہے لیکن تحت دفعہ ۲ ضمن (د) نظامنامہ عدالت العالیہ ہائی کورٹ و عدالت ہائے ماتحت ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۹ء جج صاحبان بہادر ہائی کورٹ کا اقرار صالح لینے کا اختیار کسی خاص افسر صاحب کو عطا نہیں ہوا ہے جس کے باعث ضرورت پیش ہونے پر اجلاس ہمایوں سے حکم حاصل کیا جاتا ہے جیسا کہ سول جج صاحب کے پیونی جج ہائی کورٹ مقرر ہونے پر ضرورت محسوس ہوئی۔ بنظر سہولت ترقی خواہ کی استدعا ہے کہ عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کو اس امر کا عام اختیار عطا فرمایا جائے کہ جب کسی شخص کو اپنے فرائض عہدہ انجام دینے سے قبل اقرار صالح کرنے کی ضرورت کسی قانون یا قاعدہ کے تحت ہو تو ایسے شخص کا اقرار صالح وہ اپنے روبرو لے سکیں اور اگر عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کو اقرار صالح کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اُن کا اقرار صالح لینے کی اجازت ترقی خواہ کو عطا فرمائی جائے ممبر صاحبان بہادر مجلس منتظمہ کا اقرار صالح حسب صراحت دفعہ ۱۱ دستور اساسی مجلس منتظمہ بدستور صدر مجلس منتظمہ کے روبرو ہوگا جس سے اُس کا کوئی تعلق نہ ہوگا لہذا عرضداشت ہذا باستدعائے ملاحظہ و صدور حکم منظوری حضور معلیٰ میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۹ر مئی سنہ ۱۹۴۱ء

حکم :-

(مسودی)   مورخہ ۲۱ مئی سنہ ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ۔ مسٹر محمود الزماں خاں بہادر ممبر مجلس متعلقہ کو تعلیمی بورڈ کا ممبر غیر سرکاری مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض   میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کا معروضہ ہے کہ مسٹر محمود الزماں خاں صاحب بہادر ممبر مجلس متعلقہ کو تعلیمی معاملات سے کافی دلچسپی ہے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ موصوف کو تعلیمی بورڈ کا غیر سرکاری ممبر مقرر کئے جانے کی منظوری صادر فرمائی جائے۔ کاغذات ذریعہ یادداشت بحضور معلیٰ پیش ہے۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ حسب استدعا عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت واقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۹ مئی سنہ ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو

۲۲ مئی سنہ ۱۹۴۱ء   دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر ان کونسل ریاست رامپور واقعہ ۲۱ اپریل ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ اپریل ۱۹۲۱ء میں عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ میونسپل بورڈ نے جلسہ خاص منعقدہ ۱۰ مارچ ۱۹۲۱ء میں بعد مشتہری ضابطہ موصول شدہ عذرداری کو بدلائل خارج کرتے ہوئے پاس کیا ہے کہ چار آنہ فی سیکڑہ ان انڈوں پر جو بغیر گزند کئے ہوئے حدود میونسپلٹی کے باہر جائیں محصول لگایا جائے۔ لہذا تجویز بورڈ قابل صادر منظوری ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز ان انڈوں پر جو بغیر گزند کئے ہوئے حدود میونسپلٹی کے باہر جائیں چار آنہ فی سیکڑہ محصول عائد کیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم خراج کاغذات متعلقہ برائے اندراج گزٹ وغیرہ بخدمت عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی مرسل ہو

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

برائے اشاعت سپرنٹنڈنٹ صاحب مطبع کے پاس ارسال ہو۔ ۱۹ مئی ۱۹۲۱ء

دستخط عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ واقعہ ۶ مئی ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۸ اپریل ۱۹۲۱ء میں عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ حسب ریزولیوشن ۶۴ مورخہ ۲۹ اپریل ۱۹۲۱ء پاس کردہ میونسپل بورڈ مجلسہ خاص منعقدہ اشیائے مندرجہ ذیل پر محصول چنگی عائد کئے جانے کی عرض ہے جو قابل منظوری ہے۔

۱- راب فی کلسی

۲- راب فی ٹکا دھیلا- اگر ڈرم ظروف میں لائی جائے تو فی ڈرم ۱ر اور اسی حساب سے ڈرم کلاں کا محصول تشخیص ہوگا۔

۳- شیرہ علاقہ انگریزی و ریاست فی روپیہ ۸ر

بعد غور طے پایا کہ:-

اشیائے مندرجہ ذیل پر حسب تفصیل تحت محصول چنگی عائد کیا جانا منظور ہے۔

۱- راب فی کلسی ۲ر } اگر ان کے علاوہ کسی اور ظروف میں لائی جائے
۲- راب فی ٹکا ۲ر } تو کلسی کی مقدار کے حساب سے محصول تشخیص ہوگا
۳- شیرہ فی روپیہ ۸ر

حکم ہوا کہ

حکم خراج کاغذات متعلقہ برائے اندراج گزٹ وغیرہ بخدمت عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی مرسل ہو۔

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

سپرنٹنڈنٹ صاحب مطبع کے پاس مرسل ہو۔ گزٹ میں طبع کیا جائے۔ ۱۹ مئی ۱۹۲۱ء

دستخط عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر

آرڈر ان کونسل رام پور اسٹیٹ:- مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ مئی ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ بحکم کونسل مورخہ یکم اکتوبر ۱۹۳۰ء منشی مسعود علیخاں صاحب تحصیلدار ٹانڈہ بدیں مدت چھ ماہ اسپیشل رپورٹ پر رکھے گئے تھے۔ اور اس مدت میں سالانہ اضافہ کا دیا جانا طے ہوا تھا۔ چونکہ مدت چھ ماہ ۳۱ مارچ ۱۹۳۱ء کو ختم ہوگئی اور ان کی خدمات حقیقتاً بہتر اور پسندیدہ رہیں لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انکی موجودہ تنخواہ میں یکم اپریل ۱۹۳۱ء سے اضافہ گریڈ کی منظوری عطا فرمائی جائے۔ آیندہ وقت مقررہ پر بماہ ستمبر سالانہ اضافہ گریڈ پاتے رہینگے

طے پایا کہ:-

حسب تجویز منشی مسعود علی خان صاحب تحصیلدار ٹانڈہ کی موجودہ تنخواہ میں یکم اپریل ۱۹۳۱ء سے پانچروپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے آیندہ سالانہ اضافہ گریڈ ماہ ستمبر میں پاتے رہینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ:- مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ مئی ۱۹۳۱ء میں حکم عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۴ مئی ۱۹۳۱ء بدیں خلاصہ کہ اسٹامپ کلرک کی ایک اسامی بشاہرہ تیس روپیہ منظور شدہ بجٹ لغایت کے جدید انتظام کی بجائے حسب تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر منشی امام الدین قریشی ایکسائز کلرک کو علاوہ خدمات متعلقہ کے اسٹامپ کلرک کا متعلقہ کام انجام دینے کے صلے میں دس روپیہ ماہانہ بطور الاؤنس دلایا جانا منظور ہے۔ اس صورت میں بیس روپیہ ماہانہ کی بچت رہیگی۔ پیش ہوکر طے پایا کہ:-

کونسل کو مجوزہ بالا سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے ترتیب مسل سررشتہ صدر کو بھیجا جائے سررشتہ صدر سے حکم ہذا کی ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو ارسال کیجائے

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ:- مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ مئی ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت توسیع مزید یکسال از یکم مئی ۱۹۳۱ء مدت ملازمت مسٹر ڈیکروز سپرنٹنڈنٹ ٹیلیفون پیش ہوکر طے پایا کہ حسب تجویز مسٹر ڈیکروز سپرنٹنڈنٹ ٹیلیفون کی مدت ملازمت میں از یکم مئی ۱۹۳۱ء یکسال کی مزید توسیع منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ:- مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ مئی ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کی تجویز بابت کارروائی نسبت مسودہ ترمیم قانون میعاد سماعت ریاست رامپور ۱۹۳۱ء پیش ہوئی۔

طے پایا کہ:-

کونسل کو اتفاق ہے کہ مسودہ مذکور بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجا جائے بعد ختم کارروائی اصل کاغذات بخدمت عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون بہادر زیر سلسلہ۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

مسودہ

ترمیم قانون میعاد سماعت ریاست رامپور

سنہ ۱۹۲۱ء

(بغرض حصول رائے عامہ)

تمہید — ہرگاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء میں ترمیم کیجائے لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

مختصر نام و وسعت نفاذ و تاریخ اشاعت — دفعہ ۱ (۱) یہ قانون "ترمیم قانون میعاد سماعت ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء" کے نام سے موسوم ہوگا

(۲) قانون ہذا کل حدود ریاست رامپور میں سرکاری گزٹ میں شائع ہونے کی تاریخ سے نفاذ پذیر ہوگا۔

ترمیم مد ۱۰۳ — دفعہ ۲۔ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور مجریہ سنہ ۱۹۲۱ء کی مد ۱۰۳ میں حسب ذیل ترمیم کی جائے۔

"مد ۱۰۳ کے خانہ ۳ میں لفظ "تحریری" قلمزد کیا جائے"۔

آرڈر ان کونسل اپوسٹ

مورخہ ۲۰ رمئی ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۵ رمئی ۱۹۲۱ء میں عالیجناب صاحب ہوم ممبر بہادر انچارج مجسٹریسی کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ مجسٹریٹ کی جدید آسامی پر بابو انند کنوار صاحب کا تقرر سال گذشتہ ایک سال کیلئے بمشاہرہ دوصد روپیہ ہوا تھا جسکی مدت ۳۱ مارچ ۱۹۲۱ء کو ختم ہوگئی۔ اب بجٹ سال ۲۲-۱۹۲۱ء میں بھی آسامی مذکور برائے ایک سال زیر مشاہرہ دو صد روپیہ منظور ہوئی ہے۔ لہذا بابو انند کنوار صاحب کا غیر مستقل تقرر از یکم اپریل ۱۹۲۱ء تا آخر مارچ ۱۹۲۲ء بمشاہرہ دوصد روپیہ برائے ایک سال منظور فرمایا جائے۔ وہ خدمات مجسٹریٹی بدستور انجام دے رہے ہیں۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز بابو انند کنوار صاحب کا غیر مستقل تقرر آسامی مجسٹریٹ پر ایک سال کے لئے از یکم اپریل ۱۹۲۱ء بمشاہرہ دوصد روپیہ منظور ہے۔ ختم سال ۲۲-۱۹۲۱ء پر ان کی مستقلی کے وقت انہیں اضافہ گریڈ دیا جاسکے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل